I- ذیل کے سوالوں کے جواب ایک تا دو جملوں میں لکھیے۔

1- ہندوستان میں ابتدائی شہریانے کے کیا نتائج تھے؟

2- آریالوگ پہلے کہاں رہتے تھے؟

3- اشوک کے القاب کیا تھے؟

4- گندھارا فن سنگتراشی کی خصوصیات کیا تھیں؟

5- ہرش کی تاریخ کے ذرائع کیا ہیں؟

II- ذیل کے سوالوں کے جواب چار تا پانچ جملوں میں لکھیے۔

1- ویدک ادب کے بارے میں تحریر کیجئے۔

2- موریاؤں کی تاریخ کے ذرائع کیا ہیں؟

3- شتاواہاناؤں کے انتظامی نظام کے بارے میں لکھیے۔

4- جین مت اور بدھ مت مذاہب کے بارے میں سمجھائیے۔

5- گپت دور میں سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی کا جائزہ لیجئے۔

III- ذیل کے سوالوں کے جواب آٹھ تا دس جملوں میں لکھیے۔

1- وادئ سندھ کے لوگوں کی تعمیراتی مہارتوں کو بیان کیجئے۔

2- ابتدائی ویدک دور کی معیشت اور بعد کے ویدک دور کی معیشت کا تقابل کیجئے۔

3- کلنگ کی جنگ کے بعد اشوک میں کیا تبدیلی واقع ہوئی؟ اس کے کیا نتائج برآمد ہوئے؟

4۔ شتاواہانا دور کے سماجی و معاشی حالات کو بیان کیجئے۔

5۔ کیا گپت دور کو ایک عظیم شاندار دور کہا جا سکتا ہے؟ ثابت کیجئے۔

IV۔ کثیر جوابی سوالات

1۔ وادیٔ سندھ کی تہذیب دریائے راوی کے کناروں پر یہاں ترقی پائی۔ (   )

A) ہڑپا B) کالی بنگن C) موہنجوداڑو D) لوتھل

2۔ کس دریا کو ابتدائی آریاؤں نے 'ندی تاما' کہہ کر تعریف کی۔ (   )

A) دریائے گنگا B) دریائے سندھ C) دریائے یمنا D) دریائے سرسوتی

3۔ پہلا وید ہے۔ (   )

A) سام وید B) یجروید C) رگ وید D) ادھروید

4۔ ہندوستان کا پہلا تاریخی شہنشاہ تھا۔ (   )

A) گوتمی پترا ستکرنی B) اشوک C) چندرگپت موریا D) کنشک

5۔ وہ حکمران جو اپنے ناموں کے آگے اپنی ماؤں کے نام جوڑتے تھے۔ (   )

A) گپت B) شتاواہانا C) موریا D) کشان

6۔ واگ بھٹا اس علم کا ماہر تھا۔ (   )

A) علم طب B) ریاضی C) آیوروید D) فلکیات

7۔ مہا موکشا پریشد کا انعقاد کرتا تھا۔ (   )

A) ہیون تسانگ B) ہرش C) کنشک D) اشوک

8۔ الہ آباد کا ستائشی کتبہ اس کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ (   )

A) چندرگپت موریا B) ہالا C) سمدرگپت D) ہرش